مسیحی اور مسلمان

''انسانیت کی بقاء اور روحانی ترقی میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں''

منجانب: پاپائی کونسل

برائے بین المذاہب مکالمہ

عیدالفطر 1432 ہجری، 2011 بعداز مسیح

وٹیکن سٹی (روم)

عزیز مسلمان بھائیو اور بہنو !

1۔ رمضان المبارک کے اختتام کے موقع پر پاپائی کونسل برائے بین المذاہب مکالمہ کی جانب سے ہم دل کی گہرائیوں سے آپ سب مسلمان بھائیوں اور بہنوں کو مبارک پیش کرتے ہیں۔اور یہ بھی دعا کرتے ہیں کہ اللہ پاک آپ کے روزے قبول فرمائے اور روزوں کے پاک ایام میں جو بھی دعائیں انسانیت کی بہتری کے لئے آپ نے خدا کے حضور پیش کی ہیں وہ روحانی طور پر پھل دار ہوں۔

2۔ امسال ہم نے **''انسانی ذات کا روحانی پہلو''** موضوع چُنا ہے اور سارا سال ہم نے اس پر گہری سوچ بچار کرنا ہے کہ مسیحی اور مسلمان اس موضوع کو اہم جانتے ہوئے کام کرسکتے ہیں نیز مادہ پرستی اور لادینیت جیسے چیلنجوں کا مقابلہ کس طرح کر سکتے ہیں۔انسانوں کے مابین تعلقات الٰہی ذات کے ساتھ رشتہ تاریخ میں محض ایک لمحہ ہی نہیں بلکہ یہ انسانی فطرت کا ایک حصہ ہے۔یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ ہمارا یقین مقدر پر نہیں ہے بلکہ ہمارا تجربہ ہے کہ خدا ہمارے راستوں کو استوار کرے گا!

3۔ مسیحی اور مسلمان ہر طرح کے تفرقات سے بالاتر ہو کر انسانی وقار و عظمت کو تسلیم کرتے اور حقوق وفرائض کی پاسداری بھی کرتے ہیں۔وہ اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ فہم وفراست اور آزادی بلاشبہ ایک نعمت ہے۔ان اقدار کو ہم نے مل کر مومنین میں اجاگر کرنا ہے تا کہ وہ ان اقدار کو لوگوں میں بانٹ سکیں کیونکہ یہ اقدار انسانی فطرت کا اہم ستون ہیں۔

4۔ ہمیں ان انسانی اور اخلاقی اقدار کو نئی نوجوان نسل میں اس لئے منتقل کرنا چاہیے تا کہ وہ اپنے باہمی تعلقات اور رہن سہن میں ان اقدار کو اپنی ذاتی زندگی میں جگہ دے سکیں۔ یہ ہمارا فرض ہے کہ نوجوانوں کی رہنمائی کریں اور انہیں اچھے اور برے کی تمیز سکھایں، ان کے ضمیر کو جھنجوڑیں تا کہ انہیں معلوم ہو کہ ضمیر ہی ایک اہم اور پاک جگہ ہے جس کا احترام اہم اور ضروری ہے۔ اس طرح کی روحانی کاشت ہمیں مشترکہ بھلائی کے فروغ کے لئے زیادہ سے زیادہ ذمہ دار، ایک دوسرے کا مددگار اور قابل قدر بنائے گی۔

5۔ مسیحی اور مسلمان دونوں ہی تقدس اور اعتماد کی بے حرمتی کے گواہ ہیں جس کی وجہ سے اکثر ایماندار مومنین کو نشانہ بنایا جاتا ہے۔ ہم ہر طرح کے تشدد، جنونیت اور دھمکی آمیز رویوں، نفرتوں اور قدُورت آمیز مناظروں کی پُرزور مذمت کرتے ہیں۔ نیز ہم ہر اس امتیازی سلوک کی بھی نفی کرتے ہیں جس کی بدولت ایماندار سماجی، سیاسی اور ذرائع ابلاغ میں موضوع ٹھہرائے جاتے ہیں۔

6۔ عزیز بھائیو اور بہنو! ہم روحانی طور پر آپ کے ساتھ ہیں اور خدا سے التجا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ آپ کو روح پاک کا تازہ مسح اور قوت عطا فرمائے۔ ہماری جانب سے امن وخوشحالی کی نیک تمنائیں آپ تک پہنچیں۔ آمین

آپ سب کو عید الفطر بہت بہت مبارک ہو

جین لوئیس کارڈینل توران
صدر

آرچ بشپ پائیر لوجی سلیٹا
سیکریڑی